# رسائل و مسائل

## (احکام زکوٰۃ)

"ترجمان" محرم ۷۴ھ میں خان محمد صاحب ربانی کی طرف سے زکوٰۃ کے بارے میں چند سوالات شائع کیے گئے تھے۔ ربیع الاوّل کے پرچے میں اس سے متعلق مولانا مودودی کی رائے پیش کی گئی تھی۔ اب جناب مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی تھانوی نے ان دونو پرچوں کو ملاحظہ فرما کر اس بارے میں اپنی تحقیق علی الترتیب اپنے دو عنایت ناموں میں مدیر "ترجمان" کے نام ارسال فرمائی ہے۔ ہم بڑی خوشی اور شکریے کے ساتھ ان دونوں گرامی ناموں کو ترجمان میں نقل کر رہے ہیں۔

---

## مکتوب اوّل

بعد الحمد و الصلوٰۃ۔ بعض احباب نے "ترجمان القرآن" بابت محرم ۱۳۷۴ھ کی طرف مجھے توجہ دلائی جس میں ایک مقالہ حضرات علماء کی خدمت میں چند سوالات کے عنوان سے شائع کیا گیا ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ فقہ حنفی میں زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے تملیک کی جو شرط لگائی گئی ہے وہ صرف ایسی صورت میں قابل عمل ہے جب کہ لوگ انفرادی طور پر اپنی زکوٰۃ نکال کر انفرادی طور پر ہی اس کو صرف کر دیں، لیکن اگر اجتماعی طور پر مثلاً اسلامی حکومت کے ذریعہ سے اس کو وصول اور صرف کرنے کا انتظام کیا جائے تو یہ شرط اپنے جزئی احکام کے ساتھ ایک دن بھی نہیں چل سکتی۔ پھر سوال کی توضیح کے لیے چند عملی مشکلات پیش کر کے علماء سے ان کا حل دریافت کیا گیا۔ جواباً عرض ہے کہ تملیک فقیر زکوٰۃ کے لیے شرط ہی نہیں بلکہ رکن ہے بلکہ زکوٰۃ کی حقیقت ہی تملیک فقیر ہے جیسا فقہاء کی عبارات سے آئندہ واضح ہو جائے گا اور جس زمانے میں زکوٰۃ حکومت اسلامی کے ذریعہ وصول کی جاتی تھی تو اس کی یہ صورت نہ تھی کہ عامل تنہا ہر شخص کے مکان یا چراگاہ پر جاتا اور زکوٰۃ وصول کرتا ہو، بلکہ اس کے ساتھ سپاہیوں کا ایک دستہ ہوتا تھا وہی اس مقام کے تھانہ یا تحصیل میں زکوٰۃ کے مویشی اور اموال جمع کرتے تھے اور اس بستی کے غرباء ایسی جگہ جمع ہو جاتے اور ان پر زکوٰۃ تقسیم کر دی جاتی تھی، جب تک اس مقام پر فقراء موجود ہوتے دوسرے مقام پر زکوٰۃ منتقل نہ ہوتی تھی۔

پھر چونکہ ولایت عامہ کی وجہ سے امام فقراء کا وکیل ہوتا اور عمال امام کے نائب ہوتے تھے، اگر فقراء کی مصلحت سے زکوٰۃ کو منتقل کرنے کی ضرورت ہوتی تو امام اور اس کے عمال کو مصارف نقل بھی مال زکوٰۃ سے وصول کرنے کا حق تھا جیسا خود فقیر مال زکوٰۃ پر قبضہ کرکے اپنے گھر لے جاتا تو مصارف نقل اسی مال سے نکال سکتا تھا۔ غالباً سائل کے ذہن میں سوال کے وقت یہ نکتہ نہیں تھا کہ امام یا مصدق کا مال زکوٰۃ پر قبضہ کرنا فقراء ہی کا قبضہ کرنا ہے کیونکہ وہ بوجہ ولایت عامہ کے فقراء کا وکیل ہے لیکن اس پر کسی ادارہ کے ناظم یا عامل کو قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس کو ولایت عامہ حاصل نہیں اس لیے وہ فقراء کا وکیل نہیں اور اس کو یہ حق حاصل نہیں کہ مال زکوٰۃ میں سے ناظم یا عامل کا سفر خرچ یا مصارف نقل وصول کرے اگر ایسا کرے گا تو زکوٰۃ دینے والوں کی زکوٰۃ پوری ادا نہ ہوگی۔

قال فی البدائع واما رکن الزکوٰۃ فرکن الزکوٰۃ هو اخراج جزء من النصاب الی الله تعالیٰ وتسلیم ذلک الیه یقطع المالک یده عنه بتملیکه من الفقیر وتسلیمه الیه او الی ید من هو نائب عنه وهو المصدق .... (الی ان قال) وقد امر الله تعالیٰ الملاک بایتاء الزکوٰۃ بقوله عزوجل وآتوا الزکوٰۃ والایتاء هو التملیک ولذا سمی الله تعالیٰ الزکوٰۃ صدقة بقوله عزوجل انما الصدقات للفقراء والتصدق تملیک (الی ان قال) وعلی هذا یخرج صرف الزکوٰۃ الی وجوه البر من بناء المساجد والرباطات والسقایات واصلاح القناطر وتکفین الموتی ودفنهم انه لا یجوز لانه لم یوجد التملیک اصلاً وکذا اذا اشتری بالزکوٰۃ طعاما فاطعم الفقراء

زکوٰۃ کا رکن یہ ہے کہ مال نصاب کا ایک حصہ خدا کے لیے نکالا جائے اور اسی کے حوالے کیا جائے، اس کی صورت یہ ہے کہ فقیر کو زکوٰۃ کا مالک بنا دیا جائے اور زکوٰۃ اس کے یا اس کے کسی نائب (یعنی مصدق) کے سپرد کرکے زکوٰۃ دینے والا اس سے قطعی طور پر دست بردار ہو جائے...... اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ دینے کا مالکوں کو حکم دیا ہے۔ بقولہ عزوجل وآتوا الزکوٰۃ اور ایتاء تملیک ہی ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کو صدقہ کا نام بھی دیا ہے۔ بقولہ عزوجل انما الصدقات للفقراء اور تصدق تملیک ہے .... چنانچہ نیکی کے کاموں، مثلاً مساجد، سرائے، سبیل اور پلوں کی تعمیر و مرمت اور میت کی تکفین و تدفین پر زکوٰۃ جائز نہیں کیونکہ ان میں تملیک اصلاً نہیں پائی جاتی۔ اس طرح اگر زکوٰۃ دینے والا زکوٰۃ سے کھانا خرید لے اور صبح شام اپنی مرضی اور صوابدید سے فقیروں کو کھلائے اور کھانا بجنسہ ان کے سپرد نہ کرے، تو

غداءً وعشاءً (بطريق الاباحة) ولم يدفع عين الطعام اليهم لا يجوز لعدم التمليك (الى ان قال) ولو دفع زكوٰة الى الامام او الى عامله يجوز لانه نائب عن الفقير فى القبض فكان قبضه كقبض الفقرآء ـ ص۳۹ ج۲

عدم تملیک کی بنا پر ایسا کرنا جائز نہ ہوگا ..... اگر زکوٰۃ حاکم یا اُس کے عامل کے سپرد کر دی جائے تو جائز ہے کیونکہ عامل زکوٰۃ وصول کرنے میں فقیر کا نائب اور نمائندہ ہے۔ اس کا زکوٰۃ لینا فقیر کے زکوٰۃ لینے کی مانند ہے۔ بدائع الصنائع ج ۲، ص۳۹

زکوٰۃ میں تملیک کا ضروری ہونا متفق علیہ ہے کسی امام کا اس میں اختلاف بیان نہیں کیا گیا بلکہ امام شافعیؒ کی طرف تو یہ قول منسوب کیا گیا ہے کہ ان کے نزدیک إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ میں لام ملک کے لیے ہے۔

قال واما النص فقوله تعالى إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وقوله عز وجل وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ والاضافة بحرف اللام تقتضى الاختصاص بجهة الملك اذا كان المضاف اليه من اهل الملك ..... واما الحقيقة فان الزكوٰة تمليك المال من الفقير والمنتفع بها هو الفقير فكانت حق الفقير ص۵ ج۲ ثانی

اس بارے میں نص یہ ہے۔ انما الصدقات للفقراء ..... وفی اموالهم حق معلوم للسائل والمحروم للفقراء اور للسائل میں فقراء اور سائل کی طرف حرف لام کی اضافت اور تعلق اس بات کا مقتضی ہے کہ یہاں اختصاص باعتبار ملک مراد لیا جائے بشرطیکہ فقیر اور سائل اہل ملک میں سے ہوں ... حقیقت میں زکوٰۃ یہ ہے کہ مال پر فقیر کی تملیک ہو جائے۔ فقیر ہی اس سے فائدہ اٹھانے والا ہے اور اسی کا یہ حق ہے۔ بدائع ج ۲ ص۵

ودليل عدم نقل الزكوٰة حديث معاذ فان هم اطاعوا لك فى ذالك فاخبرهم ان عليهم صدقة فى اموالهم تؤخذ من اغنياءهم وترد على فقرآءهم (متفق عليه) وروى ابو عبيد فى الاموال كما فى كنز العمال عن عمرو بن سعد ان معاذ بن جبل لم يزل بالجند اذ بعثه رسول الله صلى الله عليه وسلم وابو بكرؓ ثم قدم على عمر فرده على ما كان

اور زکوٰۃ کے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ کیے جانے کی دلیل وہ متفق علیہ حدیث ہے جس میں حضرت معاذؓ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر لوگ تمہاری اطاعت قبول کرلیں تو انہیں آگاہ کر کہ ان کے مالوں پر زکوٰۃ ہے جو ان کے اغنیاء سے لی جائے گی اور ان کے فقراء پر لوٹا دی جائے گی اور کتاب الاموال لابی عبید اور کنز العمال میں روایت ہے

عليه فبعث معاذ بثلث صدقة الناس[1] فانكر عليه عمر فقال لم ابعثك جابياً ولا آخذ جزية ولكن بعثتك تاخذ من اغنياء الناس فترده في فقرائهم قال معاذ ما بعثت اليك بشيء وانا اجد احداً يأخذه مني. فلما كان العام الثاني بعث اليه شطر الصدقة فتراجعا مثل ذلك فلما كان العام الثالث بعث اليه بها كلها فراجعه عمر بمثل ما راجعه قبل فقال معاذ ما وجدت احدًا يأخذ مني شيئاً (ص ۵۹۶ ج ثالث)

وفي البدائع (ص ۷۵ ج ۲) واما زكوة المال فحيث المال في الروايات كلها ويكره اخراجها الى غير اهل ذلك الموضع الا رواية عن ابي حنيفة انه لا بأس ان يخرجها الى قرابة من اهل الحاجة ويبعثها اليهم[2]

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن بھیجا اور وہ وہیں رہے۔ حضرت عمرؓ کے زمانے میں وہ آئے مگر انہیں اپنے منصب پر واپس بھیج دیا گیا بعد میں حضرت معاذ نے لوگوں کی ایک تہائی زکوۃ بھجوائی۔ حضرت عمرؓ نے اس پر ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے تمہیں ٹیکس اور جزیہ لینے کے لیے نہیں بھیجا تھا۔ میں نے تجھے اس لیے بھیجا تھا کہ تو اغنیاء سے زکوۃ لے کر فقراء میں اسے واپس کر دے۔ حضرت معاذ نے کہا کہ مجھے اس کا کوئی لینے والا نہیں ملا اس لیے اسے آپ کے پاس بھجوا دیا ہے۔ دوسرے سال آدھی زکوۃ بھیجی اور یہی سوال و جواب ہوا، تیسرے سال انہوں نے پوری زکوۃ بھیجی پھر وہی گفتگو ہوئی اور حضرت معاذ نے پھر یہی کہا کہ مجھے زکوۃ لینے والا نہیں مل سکا۔

اور مال کی زکوۃ وہیں نکالی جائے جہاں مال ہے۔ تمام روایات میں

---

۱؎ قلت والظاهر من قوله بعث معاذ بثلث الصدقة وبشطرها وبكلها انه لم يأخذ منها مؤنة النقل واجرتها بل كان يبعثها مع بريد الحكومة من غير ان ينقص من مال الزكوة شيء ۱۲ ظ

۲؎ قلت هذا في زكوة الاموال الباطنة التي لا يطالبها الامام واما الاموال الظاهرة فحكمها ما قاله عمرؓ الا تنقل الى غير ذلك الموضع الا اذا لم يكن هناك من يأخذها والله اعلم ۱۲ ظ

دونوں مذکورہ بالا حواشی مولانا عثمانی کی طرف سے ایزاد کئے گئے ہیں۔ ان کے ترجمے بالترتیب درج ذیل ہیں:- (ترجمان)

۱؎ اس قول سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت معاذؓ نے صدقہ (تہائی، آدھا یا سارا) نقل و حرکت کی اجرت وضع کیے بغیر اور تنخواہ لیے بغیر بھیج دیا، بلکہ حکومت کی ڈاک کے ہمراہ بھیج دیا ہوگا اور زکوۃ میں کچھ کمی نہ ہوتی ہوگی۔

۲؎ یہ اجازت اموال باطنہ کے بارے میں ہے جن کا حاکم مطالبہ نہیں کرتا، لیکن اموال ظاہرہ کے بارے میں حضرت عمرؓ کے قول پر عمل ہوگا۔ یعنی انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کیا جائے گا الا یہ کہ اصل جگہ مستحق موجود نہ ہو۔

یہی ہے۔ دوسری جگہ کے لوگوں کی طرف زکوٰۃ کا نکال کر

لے جانا مکروہ ہے، سوائے امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت کے

جس کے بموجب دوسری جگہ حاجت مند عزیزوں کو زکوٰۃ پہنچانے

میں مضائقہ نہیں ہے۔

میرے خیال میں سوال کا جواب اور اشکالات کا حل ہو چکا ہے اب تکمیل کے طور پر چند ضروری مسائل بیان کئے جاتے ہیں تاکہ اگر کسی وقت حکومت پاکستان باقاعدہ بیت المال قائم کرے اور زکوٰۃ کے وصول و تقسیم کا انتظام کرنا چاہے تو ان مسائل کی رعایت کی جائے

مقدمہ اولیٰ: بیت المال میں چار قسم کے اموال الگ الگ رکھے جائیں گے۔

الف: مویشیوں کی زکوٰۃ عشری زمینوں کا عشر، مسلمان تاجروں سے جو کچھ عاشر وصول کرے جب کہ وہ تجارتی مال لے کر اس کی حدود سے گزریں اور یہ تجارتی مال کی زکوٰۃ ہوگی جو سال میں ایک دفعہ چالیسواں حصہ کے حساب سے وصول کی جائے گی اس کے مصرف فقراء و مساکین، اور زکوٰۃ کے عاملین اور نومسلم فقراء، اور قرض دار، جن کا موجودہ سرمایہ ادائے قرض کے لیے کافی نہیں، اور وہ مجاہد جن کے پاس میدان جہاد میں کافی سامان نہیں، اور مسافر جن کے پاس بحالت سفر گھر تک پہنچنے کا خرچ نہ رہا ہو، اور وہ غلام ہیں جن کے مالکوں نے خاص مقدار میں رقم مقرر کردی ہو کہ اس کو ادا کردینے پر آزاد ہوجائیں گے جن کو شریعت میں مکاتب کہا جاتا ہے۔ یہ قسم آج کل یہاں موجود نہیں ممکن ہے جہاد کی نوبت آنے پر ان کا وجود ہوجائے۔

ب: مال غنیمت کا خمس اور کانوں اور دفینوں کا خمس۔ کانوں کا خمس اس وقت لیا جائے گا جب کہ حاکم اسلام کسی کو ان کے کھودنے اور نکالنے کی اجازت دے دے۔ اگر حکومت خود اپنے اہتمام سے کانیں کھودنے اور نکالنے کا بندوبست کرے تو جو کچھ نکلے گا سب حکومت اسلام کا ہوگا البتہ اگر کسی کو اتفاقی طور پر کسی پہاڑ سے کچھ سونا وغیرہ مل گیا تو اس سے بھی خمس لیا جائے گا اور بیت المال میں جمع ہوگا جیسا کسی کو اسی طرح دفینہ مل جائے اور اس کی تفصیل فقہاء کے کلام سے معلوم کی جائے۔ اس کا مصرف یتامیٰ اور مساکین اور مسافر ہیں اور جو بچے وہ حکومت کی ضروریات اور اسلحہ وغیرہ میں صرف کیا جائے گا۔

ج: خراجی زمینوں کا لگان، اہل ذمہ کا انکم ٹیکس (جس کو جزیہ کہا جاتا ہے) یا کسی مقام کے باشندوں سے کسی خاص مقدار کے

صلح کی گئی ہو تو صلح کی رقوم اور جو کچھ عاشر تجار اہل ذمہ اور مستامنین دار الحرب سے وصول کرے جب کہ وہ اس کی حدود سے تجارتی مال لے کر گذریں۔ اس قسم کا مصرف مصالح مسلمین ہیں جیسے حاکموں، قاضیوں، مفتیوں اور سپاہیوں، فوجیوں کی تنخواہیں، راستوں کی حفاظت، مسجدوں، سراؤں، مسافر خانوں کی عمارت، چھوٹے بڑے پلوں کی مرمت یا تعمیر، سرحدوں کا استحکام اور ایسی نہروں کا انتظام جو کسی کی ملکیت نہیں بلکہ حکومت ہی کی ملکیت ہیں۔

۵: لاوارث مردوں کا ترکہ یا ایسے لوگوں کا ترکہ جو اپنے پیچھے صرف بیوی چھوڑ گئے ہیں یا عورت صرف شوہر چھوڑ گئی ہے ان کا حصہ دے کر باقی بیت المال میں داخل کیا جائے گا۔ اسی طرح گری پڑی چیزوں کی کافی تشہیر کے بعد بھی مالکوں کا پتہ نہ لگا ہو تو وہ بھی بیت المال میں داخل کی جائیں گی اس قسم کا مصرف بیمار غریبوں کی دوا علاج معالجہ اور غریب مردوں کا کفن دفن جب کہ وہ کچھ چھوڑ کر نہ مرے ہوں، ایسے بچوں کی پرورش جو کسی جگہ پڑے ہوئے پائے جائیں، ایسے نادار لوگوں کی امداد جو کمانے اور محنت کرنے سے عاجز ہو گئے ہوں اور ان کا کوئی عزیز قریب بھی ایسا نہیں جس کے ذمہ شرعاً ان کا نفقہ واجب ہو۔ امام پر لازم ہے ان جملہ اقسام کے رقوم کو ان کے مستحقوں تک پہنچائے ورنہ عند اللہ ماخوذ ہوگا۔ غالباً اس تفصیل سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ باقاعدہ بیت المال قائم ہونے کی صورت میں وہ مشکلیں پیش نہیں آسکتیں جو ترجمان القرآن میں بیان کی گئی ہیں۔ کیونکہ سب کاموں کے لیے صرف زکوٰۃ اور صدقہ فطر ہی نہیں بلکہ دوسرے اموال بھی ہیں جن میں تملیک فقیر ضروری نہیں بلکہ مناسب صورت سے ان کو تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ یہاں اس نکتہ پر بھی تنبیہ کر دینا ضروری ہے کہ قسم اول و دوم کے سوا بقیہ اقسام کے اموال مسلمانوں اور ذمیوں دونوں پر حسب ضرورت تقسیم ہو سکتے ہیں۔ چونکہ زکوٰۃ صرف مسلمانوں سے لی جاتی ہے وہ مسلمانوں ہی پر صرف ہوگی اور جہاد بھی صرف مسلمانوں پر فرض ہے۔ اس کی غنیمت کا خمس بھی مسلمانوں پر صرف ہوگا۔ بقیہ اقسام کی تقسیم مسلم و غیر مسلم دونوں پر ہو سکتی ہے۔

**مقدمہ ثانیہ** حکومت کو اموال باطنہ کی زکوٰۃ کے مطالبہ کا حق نہیں (الا بضرورۃ شدیدہ) بلکہ وہ صرف اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ وصول کرنے کی حقدار ہے جیسے مویشیوں کی زکوٰۃ جو سال کے زیادہ حصہ میں گھر پر نہیں بلکہ جنگل میں چرتے ہوں اور ان تاجروں کے تجارتی مال کی زکوٰۃ جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں مال لے جاتے ہوں اور باہر سے مال منگاتے ہوں نیز عشری و خراجی زمینوں کا عشر و خراج بھی اموال ظاہرہ سے ہیں۔ اور جو تاجر اپنے شہر ہی میں تجارت

کرتا ہے نہ باہر سے مال منگاتا ہے نہ بھیجتا ہے اس کا تجارتی مال اموال باطنہ میں داخل ہے۔ اسی طرح جو نقد اور زیور کسی کے گھر میں ہے وہ بھی اموال باطنہ سے ہے البتہ جو روپیہ بنک میں یا لمیٹڈ کمپنیوں میں ہے اس کو اموال ظاہرہ میں داخل کیا جا سکتا ہے۔

مقدمہ ثالثہ: حکومت کو اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ وصول کرنے کا حق اسی وقت ہے جب کہ وہ ڈاکوؤں، چوروں سے ان اموال کی حفاظت کا انتظام کرتی ہو۔ اگر بدنظمی اور تعطل حدود کی وجہ سے لوگوں کے اموال محفوظ نہ ہوں تو حکومت کو مطالبۂ زکوٰۃ کا حق نہیں ہے۔ اسی طرح اگر امام اور اس کے عمال نماز کے پابند نہ ہوں تب بھی بعض علماء کے نزدیک حکومت کو زکوٰۃ وصول کرنے کا حق نہیں۔

مقدمہ رابعہ: حکومت کو صدقہ فطر اور چرم قربانی اور دیگر صدقات کے مطالبہ کا حق نہیں (الا بضرورۃ شدیدۃ)

مقدمہ خامسہ: اگر حکومت زکوٰۃ و عشر کو اس کے مصارف شرعیہ میں خرچ نہ کرتی ہو تو مالداروں کے ذمہ سے عشر اور زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں ادا ہو جائے گی اور بیجا و بے جا صرف کرنے کا وبال حکام پر ہوگا۔ بعض کہتے ہیں کہ خراج تو ادا ہو جائے گا مگر زکوٰۃ و عشر ادا نہ ہوگا، مالداروں کو دوبارہ بطور خود ان کا ادا کرنا واجب ہوگا۔

مقدمہ سادسہ: جن اموال کی زکوٰۃ کے مطالبہ کا حکومت کو حق حاصل ہے اگر کوئی ان کی زکوٰۃ بھی خود ہی ادا کر دے تو فقہاء کا اتفاق ہے کہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور امام شافعی کے نزدیک حکومت کو اس سے دوبارہ مطالبہ کا حق نہیں مگر حنفیہ کے نزدیک حکومت کو مطالبہ کا حق ہوگا۔ اموال ظاہرہ میں وہ صاحب مال کی اس بات کو رد کر سکتی ہے کہ اس نے خود زکوٰۃ ادا کر دی ہے۔ ہاں اگر وہ یہ کہے کہ میں نے دوسرے مصدق کو زکوٰۃ دے دی ہے یا کوئی تاجر مال لے کر عاشر کے سامنے سے گزرے اور یہ دعویٰ کرے کہ اس سے دوسرے عاشر نے زکوٰۃ وصول کر لی ہے تو مصدق یا عاشر کی رسید دکھلانے پر اس کی تصدیق کی جاوے گی کیونکہ اس صورت میں اس نے حکومت کے حق کو باطل نہیں کیا ہے۔

مقدمہ سابعہ: مطالبہ زکوٰۃ و عشر کا حق اسی حکومت مسلمہ کو ہے جو آئین اسلام کے مطابق اسلامی حکومت ہو۔ ہر حکومت کو یہ حق حاصل نہیں جو کہ برائے نام ہی اسلامی حکومت ہو اور واقع میں اسلامی حکومت نہ ہو۔

(مولانا محترم نے ان مقدمات سبعہ کے بیان کے بعد ان میں سے ہر ایک کی تائید میں کتب فقہیہ کی مفصل عبارات نقل فرمائی ہیں۔ ان عبارتوں کا یہاں دینا بہت موجب طوالت ہوگا۔ خصوصاً جب کہ ان کے ترجمے بھی کیے جائیں۔ اس لیے ہم مولانا مدظلہ سے معذرت کے ساتھ پہلی چھ عبارتیں حذف کر رہے ہیں۔ البتہ ہم ان چھ کے حوالے کتب وصفحات کی تصریح کے ساتھ بالترتیب تحریر کیے دیتے ہیں، تاکہ ذی علم اصحاب اگر مراجعت کرنا چاہیں تو کر سکیں۔ حوالے یہ ہیں:- بدائع الصنائع ج ۲ ص ۶۹، " ص ۳۰، " ص ۳۶ التلخیص الجبیر ج ۱ ص ۱۷۸ رد المحتار ج ۲ ص ۱۲۷۔ البتہ مقدمۂ سابعہ کا ترجمہ اور اس کی مزید توضیح چونکہ مولانا موصوف نے تحریر فرمائی ہے اس لیے اس مقدمے کی پوری دلیل کو یہاں نقل کیا جا رہا ہے۔ محذوف حوالہ جات ماہنامہ "الصدیق" ملتان، شمارہ جمادی الاولیٰ میں بھی مطالعہ کیے جا سکتے ہیں)

دلیل المقدمۃ السابعۃ، ما فی شرح العقائد النسفیۃ ص ۱۱۱

المسلمون لابد لهم من امام يقوم بتنفيذ الاحكام واقامة الحدود وسد الثغور وتجهيز جيوشهم واخذ صدقاتهم وقهر المتغلبة والمتلصصة وقطاع الطريق واقامة الجمع والاعياد وقطع المنازعات الواقعة بين العباد وقبول الشهادات القائمة على الحقوق وتزويج الصغار والصغائر الذين لا اولياء لهم وقسمة الغنائم ونحو ذلك من الامور التي لا يتولاها آحاد الامة الى ان قال بعد ذكر ما اورده المورودون على توقف الانتظام على وجود الامام بما نصه. قلنا نعم يحصل بعض النظام في امر الدنيا [illegible] شوكة له الرياسة العامة) ولكن يختل امر الدين وهو الامر المقصود الاهم والعمدة العظمى

مسلمانوں کے لیے ایسا امام ہونا ضروری ہے جو احکام شرعیہ کی تنفیذ اور حدود شرعیہ کے اجراء اور سرحد اسلام کی حفاظت کا انتظام کرے۔ مسلمانوں کے لیے لشکر تیار کرے۔ ان کی زکوٰۃ وصدقات وصول کرے۔ غلبہ کرنے والوں اور جاسوسوں، چوروں اور ڈاکوؤں کو مقہور و مغلوب کرے۔ جمعہ اور عیدین کی نمازیں قائم کرے اور لوگوں میں جو تنازعات اور جھگڑے پیدا ہوں ان کا شریعت کے موافق فیصلہ کرے اور لوگوں کے حقوق پر جو شہادتیں قائم ہوں ان کو سنے اور قبول کرے اور نابالغ لڑکے لڑکیاں جن کا کوئی ولی نہیں ہے ان کی شادی بیاہ کا انتظام کرے۔ مال غنیمت کو باقاعدہ تقسیم کرے۔ اس کے علاوہ اور بہت سے کام ہیں جو انفرادی طریقہ سے انجام نہیں پا سکتے۔ اس کے بعد ان اعتراضوں کا جواب دیتے ہوئے جو نصب امام کی ضرورت پر بعض لوگوں [illegible] کیے ہیں لکھا ہے، ہاں ایسے شخص کے ذریعے سے جو [illegible] سب شرکت ہو اور اُسے ریاست عامہ حاصل ہو۔ دنیا کے بعض امور کا تو

انتظام ہو سکتا ہے مگر دین کا نظام مختل ہو جائے گا اور سب سے بڑا مقصود اسلامی سلطنت قائم کرنے سے یہی ہے۔

یہاں سے یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ اسلام کا بڑا مقصد سلطنت قائم کرنے سے امور دین کا انتظام، احکام شرعیہ کا نفاذ، نماز اور زکوٰۃ و صدقات کا نظم اور شریعت کے موافق ........ مسلمانوں کے معاملات کا فیصلہ کرنا جہاد اور سامان جہاد کا بندوبست کرنا ہے اگر کسی سلطنت سے یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا تو وہ اسلامی سلطنت نہ ہو گی اگرچہ مسلمانوں کی سلطنت ہو اور زکوٰۃ و صدقات وصول کرنے کا حق اسی سلطنت کو ہے جو اس مقصد کو پورا کرے جس کا یہاں ذکر ہو رہا ہے ورنہ اس کو یہ حق حاصل نہ ہو گا پس جو لوگ اسلامی سلطنت میں سیاست اور مذہب کو الگ کرنا چاہتے ہیں وہ اسلامی سلطنت قائم کرنا نہیں چاہتے بلکہ یورپین طرز کی حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں۔ حالانکہ دنیا جانتی ہے کہ ہندوستان کو تقسیم کر کے پاکستان اسی لیے حاصل کیا گیا ہے تاکہ یہاں اسلامی سلطنت قائم کی جائے جو مسلمانوں کی زندگی کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کا انتظام کرے اور اقلیت کو وہ حقوق عطا کرے جو اسلامی سلطنت میں دئیے جاتے ہیں جس سے زیادہ عدل و انصاف کے ساتھ تو کوئی حکومت بھی اقلیتوں کو ان کے حقوق نہیں دے سکتی۔ جو لوگ حدود شرعیہ کو وحشیانہ سزائیں کہتے ہیں درحقیقت وہ ان اعمال کو وحشیانہ نہیں سمجھتے جن کی یہ سزائیں شریعت نے مقرر کی ہیں اگر وہ ان اعمال کو وحشیانہ سمجھتے تو ہرگز ان سزاؤں کو وحشیانہ نہ کہتے کیونکہ تجربہ شاہد ہے کہ ان سزاؤں کے بغیر ان وحشیانہ افعال کا قلع قمع نہیں ہو سکتا۔ یورپ کی سلطنتیں ان وحشیانہ جرائم کا استیصال ہی کرنا نہیں چاہتیں اس لیے وہ اسلامی سزاؤں کو وحشیانہ بتلاتی ہیں۔ اگر وہ ان کا استیصال کرنا چاہتیں تو ان کو ماننا پڑتا کہ اسلام نے جو سزائیں مقرر کی ہیں وہی ان امراض کا اصلی علاج ہے۔ واللہ اعلم۔

## مکتوب ثانی

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ ربیع الاول کا ترجمان القرآن دو دن بعد ملا اس لیے جواب میں دیر ہوئی۔ میں نے مولانا مودودی کی تحریر دیکھی انہوں نے والعاملین علیہا کے عموم میں ہر ادارہ کے عاملین کو داخل کرنے کی کوشش کی ہے۔ مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ آیت میں اور بھی عمومات ہیں جن کو بدلیل السنۃ عموم پر نہیں رکھا گیا۔ مثلاً الصدقات کو صدقات مفروضہ پر محمول کیا گیا ہے کیونکہ صدقات نافلہ فقراء و مساکین کے ساتھ مخصوص نہیں۔ غنی کو بھی دے سکتے ہیں۔ اسی طرح الفقراء والمساکین۔ والغارمین مسلمانوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ کفار کو زکوٰۃ

نہیں دے سکتے۔ اسی طرح والعاملین علیہا سے وہی لوگ مراد ہیں جن کو حکومت اسلامیہ نے تحصیل وصول صدقات کے لیے مقرر کیا ہو۔

قال فی البدائع واما العاملون علیھا فھم الذین نصبھم الامام لجبایۃ الصدقات (الی ان قال) ان ما یستحقہ العامل انما یستحقہ بطریق العمالۃ لا بطریق الزکوۃ بدلیل انہ یعطی وان کان غنیا بالاجماع وبدلیل انہ (ای رب المال) لو حمل زکوتہ بنفسہ الی الامام لا یستحق العامل منھا شیئاً انہ انما یستحق بعملہ لکن علی سبیل الکفایۃ لہ ولاعوانہ لا علی سبیل الاجرۃ لان الاجرۃ مجھولۃ الخ ج ۲ ص ۴۴

عاملین علیہا وہ لوگ ہیں جنہیں امام حکومت نے صدقات وصول کرنے پر مقرر کیا ہو..... عامل کا رکن ہونے کی حیثیت سے زکوۃ کا مستحق ہوتا ہے، ورنہ وہ براہ راست زکوۃ کا مستحق نہیں ہوسکتا۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ وہ غنی ہونے کے باوجود زکوۃ لے سکتا ہے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ اگر زکوۃ دینے والا خود زکوۃ امام تک لے جاتا تو عامل اس میں سے کسی شے کا مستحق نہ ہوتا۔ اس سے ظاہر ہے کہ عامل اپنے اور اپنے رفقاء کے گزراوقات کے لیے زکوۃ میں سے لیتا ہے، اجرت کے طور پر نہیں لیتا کیونکہ اجرت تو معلوم ومتعین ہی نہیں ہے۔

عام طور سے کتب فقہ میں عاملین سے مراد وہی لوگ ہیں جن کو امام یا سلطان نے صدقات وصول کرنے کے لیے مقرر کیا ہو ان ہی کا قبضہ قائم مقام قبضہ فقراء کے ہوسکتا ہے کیونکہ امام کو ولایت عامہ حاصل ہے اور عاملین اس کے نائب ہیں۔ عام اداروں کو ولایت عامہ حاصل نہیں، اس لیے ان کو فقراء مجہولین کا قائم مقام نہیں کہہ سکتے صرف زکوۃ دینے والوں کا نائب کہہ سکتے ہیں کیونکہ وہ تو معلوم ہیں۔ پس ان کے قبضہ کو قبضہ فقراء نہیں کہا جاسکتا اور ان کے ہاتھ میں زکوۃ کی رقم پہنچنے سے زکوۃ دینے والوں کی زکوۃ ادا نہ ہوگی جب تک فقراء کے قبضہ میں نہ پہنچ جائے۔ اب اگر یہ ادارے یا ان کے عاملین زکوۃ میں سے سفر خرچ وغیرہ نکالیں گے۔ زکوۃ پوری ادا نہ ہوگی ادھوری ہوگی۔ پس جو ادارے زکوۃ کی تحصیل و وصول کے لیے کھڑے ہوں ان کو ولایت عامہ حاصل کرنا چاہیے جس کی صورت یہی ہوسکتی ہے کہ حکومت کی طرف سے ان کو یہ حق دیا جائے یا پھر عامۃ المسلمین باتفاق ان کو یہ حق دے دیں کیونکہ عامۃ المسلمین بھی حکومت کے قائم مقام ہوجاتے ہیں مگر عامۃ المسلمین کا کسی ادارہ پر اتفاق بہت دشوار ہے۔